تعارف وتبصرہ کتب

عبد الستار گوندل

عظمت صحابہؓ واہلبیتؓ

- مصنف : — شاہ اسماعیل شہیدؒ
- صفحات : — ۱۲۸
- قیمت : — ۱۰ روپے
- سفید کاغذ، عمدہ کتابت وطباعت

ناشر : مکتبہ نذیریہ، بالمقابل جاوید مارکیٹ، منیر شہید روڈ، اچھرہ، لاہور

زیر نظر کتاب صحابہ کرام اور اہلبیت رضوان اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین کے فضائل ومناقب پر مشتمل ہے۔

صحابہ کرامؓ، انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد وہ ہستیاں ہیں کہ جن سے بہتر دنیا میں کوئی انسان نہیں۔ اور یہ وہ نفوس قدسیہ ہیں کہ جن کے ذریعے یہ دین اسلام ہم تک پہنچا۔ صحابہ اکرام رضی اللہ عنہم کا مسئلہ جہاں نہایت اہمیت وفضیلت کا حامل ہے اسی قدر احتیاط طلب اور نازک بھی ہے۔ کیونکہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مسئلہ میں جہاں بہت سے فضائل ومحاسن بیان کئے ہیں۔ وہاں سخت ترین الفاظ میں وعید و تخویف بھی فرمائی ہے۔

"امام ترمذی حضرت عبداللہ بن مغفلؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا "اللہ اللہ فی اصحابی لا تتخذوھم غرضا من بعدی فمن احبھم فبحبی احبھم ومن ابغضھم فببغضی ابغضھم ومن اٰذاھم فقد اٰذانی ومن اٰذانی فقد آذی اللہ ومن اٰذی اللہ یوشک ان یاخذہٗ۔" "میرے اصحاب کے بارے میں خدا سے ڈرتے رہنا اور میرے بعد ان کو اپنی غرض کا نشانہ نہ بنانا، جس نے ان سے محبت کی اس نے میری محبت کی وجہ سے محبت کی اور جس نے ان سے ناراضگی رکھی تو اس نے مجھ سے ناراضگی کی وجہ سے رکھی اور جس نے ان کو تکلیف دی اس نے مجھ کو تکلیف دی اور جس نے مجھے تکلیف دی اس نے خدا کو تکلیف پہنچائی اور جس نے خدا کو تکلیف دی تو وہ اس کا مواخذہ کرے گا۔

لیکن! افسوس کہ اصحابہ کرامؓ کے ایسے بے شمار اور واضح فضائل ومناقب کے باوجود بعض بدقسمت اور تنگ ظرف واعظوں اور مصنفوں نے ان کو تعن وتشنیع کا نشانہ بنانے سے دریغ نہیں کیا۔ ایسے ہی لوگوں کے متعلق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا شرار امتی اجرؤھم علی اصحابی۔ میری امت کے بدترین لوگ میرے صحابہ کرامؓ پر جرأت کرنے والے ہوں گے۔ یعنی جو لوگ

میرے صحابہ کرامؓ رضی اللہ عنہم کے خلاف چرب لسانی سے کام لیتے ہوئے ان کو اپنی تنقید کا نشانہ بنائیں گے دراصل ایسے بدقماش لوگ میری امت کے وہ لوگ ہوں گے جن سے خیر کی توقع وابستہ نہیں کی جاسکتی چنانچہ جو لوگ آج صحابہ کرامؓ کے خلاف محاذ آرائی کو اپنے لیئے باعث فخر ہی نہیں بلکہ اپنے ایمان کا جزو سمجھتے ہیں ۔ وہ اپنے گریبانوں میں منہ ڈال کر سوچیں کہ ہم سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق اپنے آپ کو اُمّت کے کس ذلیل و خبیث طبقہ میں شمار کر رہے ہیں۔

اس کے ساتھ ہی ہم مکتبہ نذیریہ کے مالک محترم مولانا محمد حنیف یزدانی صاحب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ انھوں نے اس علمی لحاظ سے بے خبر دور میں ایسے نایاب علمی ذخیرہ کو زیورِ طبع سے آراستہ کرکے شائقین تک پہنچانے کی سعی سعید فرمائی ۔ اس کتاب کی سب سے بڑی اور نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ یہ صحابہ کرامؓ کے ان فضائل و مناقب پر مشتمل ہے ۔ جو تاریخ و سیر کے علاوہ صرف قرآن و سنت سے ماخوذ ہیں ۔ دوسرے الفاظ میں یہ ایک مختصر مگر جامع علمی ذخیرہ ہے جس کو پڑھنا اور دوسروں تک پہنچانا وقت کی ایک اہم ضرورت ہے ۔

ترجمان کے دفتر کی منتقلی

قارئین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بعض وجوہ کی بنا پر ترجمان الحدیث کا دفتر اقبال ٹاؤن سے (شادمان کالونی) منتقل کرلیا گیا ہے اس لیے اب خط و کتابت اور ترسیل زر کے لیے مندرجہ ذیل پتہ نوٹ فرمالیں۔

مینیجر ماہنامہ ترجمان الحدیث

۴۷۵ ۔ شادمان کالونی لاہور